# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 12 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۲/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کا نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائیگا؛ عثمان آباد اور لاتور سمیت ریاست کے گیارہ حلقے شامل۔

☆ پہلے اور دوسرے مرحلے کے انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم تیز۔

☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر مقامات پر ژالہ باری کے ساتھ غیر موسمی بارش؛ پربھنی میں بجلی گرنے سے دو افراد ہلاک۔

اور۔۔۔ ☆ عیدالفطر کل ملک بھر میں مذہبی عقیدت اور احترام کے ساتھ منائی گئی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کا نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائیگا۔ اس مرحلے میں ملک کی 10 ریاستوں کے 94 حلقۂ انتخابات شامل ہیں۔ اس مرحلے میں مہاراشٹر کے عثمان آباد‘ لاتور‘ رائے گڑھ‘ بارامتی‘ شولاپور‘ ماڈھا‘ سانگلی‘ ساتارا‘ رتنا گیری - سندھو دُرگ‘ کولہاپور اور ہات کننگلے لوک سبھا حلقے شامل ہیں۔ ان حلقوں میں آج سے 19 اپریل تک کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے جا سکتے ہیں۔ 20 اپریل کو ان کاغذات کی جانچ ہوگی جبکہ درخواستیں واپس لینے کی آخری تاریخ 22 اپریل ہوگی اور 7 مئی کو رائے دہی عمل میں آئیگی۔ عثمان آباد حلقۂ انتخاب میں کل ادخالِ نامزدگی سے متعلق عملی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومباسے اور پولس سپرنٹنڈنٹ اتل کلکرنی موجود تھے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پہلے اور دوسرے مرحلے کیلئے سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم اب تیزی ہو چکی ہے۔ ریاست بھر میں تقریباً تمام ہی سیاسی جماعتوں کے سرکردہ قائدین تشہیری جلسوں میں شرکت کر رہے ہیں۔

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کا مہاراشٹر کا پہلا جلسہ کل منعقد ہوا۔ انھوں نے ناندیڑ ضلع کے نرسی حلقے سے بی جے پی اُمیدوار پرتاپ پاٹل چکھلیکر کے انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کے کسانوں‘ نوجوانوں اور خواتین کی ہمہ گیر ترقی صرف وزیرِ اعظم نریندر مودی ہی کر سکتے ہیں۔ اپنی تقریر میں انھوں نے ریاست میں کیے گئے ترقیاتی کاموں کا جائزہ بھی پیش کیا۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے مشرقی ودربھ کے پارٹی امیدواروں کیلئے ناگپور میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انھوں نے کانگریس اور بی جے پی پر شدید نکتہ چینی کی۔

نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے گڈ چرولی ضلع کے آلاپلّی حلقے کے امیدوار اشوک نیتے کی حمایت میں ایک تشہیری اجتماع سے خطاب کیا۔ ونچت بہوجن آگھاڑی کے سربراہ پرکاش امبیڈکر نے ایوت محل کے وَنی میں چندر پور آرنی لوک سبھا حلقے کے امیدوار راجیش بیلے کیلئے تشہیری جلسے سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے دھولیہ ضلع کے صدر شام کانت سنیر نے پارٹی کی ضلع صدارت سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ لوک سبھا انتخابات کیلئے کانگریس کی جانب سے سابق وزیر شوبھا بچھاؤ کو ٹکٹ دیئے جانے پر انھوں نے سخت ناراضی کا اظہار کیا ہے اور انتباہ دیا کہ اس حلقے سے پارٹی کا امیدوار تبدیل کیا جائے' بصورتِ دیگر وہ پارٹی کی مخالفت کریں گے۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے حکم جاری کیا ہے کہ کوئی بھی سیاسی جماعت' انتخابی امیدوار' دیگر کوئی تنظیم یا فرد' رائے دہی سے ایک دِن قبل اور ووٹنگ کے دِن سیاسی اشتہار دینے کیلئے اُسے ریاست اور ضلع سطح کی ذرائع ابلاغ پیشگی تصدیق کمیٹی سے صداقت نامہ حاصل کرنا لازمی ہوگا۔ پیشگی صداقت نامہ حاصل کیے بغیر کوئی بھی اشتہار پرنٹ میڈیا میں شائع نہیں کیا جاسکے گا۔

***** ***** *****

رائے دہی کیلئے ووٹنگ کارڈ کے علاوہ 12 اقسام کے ثبوت قبول کیے جاتے ہیں۔ جن میں آدھار کارڈ' بینک پاس بک' ڈرائیونگ لائسنس' پین کارڈ' ملازمت دہندگان کی جانب سے جاری کیا گیا فوٹو شناختی کارڈ اور پاسپورٹ جیسے دستاویزات شامل ہیں۔ علاوہ ازیں تمام رائے دہندگان کو رائے دہی سے کم از کم پانچ دِن قبل ووٹنگ کی چِٹھی انتخابی کمیشن کے دفتر سے جاری کی جاتی ہے۔ انتخابی دفتر سے جاری کردہ ہدایات میں کہا گیا ہے کہ رائے دہندگان ووٹ ڈالنے کیلئے جاتے وقت اپنا فوٹو شناختی کارڈ اور رائے دہی کی تفصیلات پر مبنی چِٹھی اپنے ساتھ رکھیں۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے پیشِ نظر آکاشوانی نے ''لوک نر نئے مہاراشٹراچا'' پروگرام شروع کیا ہے۔ پروگرام کی آج کی قسط میں آپ وردھا لوک سبھا حلقۂ انتخاب کا تفصیلی جائزہ سماعت کرسکیں گے۔ شام سوا سات بجے ہم یہ پروگرام نشر کریں گے۔

***** ***** *****

رمضان المبارک کے اختتام کے بعد کل عید الفطر مذہبی عقیدت اور احترام کے ساتھ ملک بھر میں منائی گئی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں عیدگاہ چھاؤنی سمیت مختلف عیدگاہوں اور مساجد میں نمازِ عید ادا کی گئی۔ پربھنی شہر میں جنتور روڈ عیدگاہ میدان پر نمازِ عید ادا کی گئی۔

بیڑ شہر کی دو عیدگاہوں اور 13 مساجد میں نمازِ عید کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر عالمی امن اور ضلع کی قحط کی صورتحال کیلئے دعا کی گئی۔

ہنگولی میں بھی عید الفطر کے سلسلے میں نماز ادا کی گئی۔ جالنہ شہر میں قدیم جالنہ کی عیدگاہ اور نئے جالنہ کے صدر بازار عیدگاہ میدان پر اجتماعی نماز باجماعت ادا کی گئی۔ بعد ازاں برادرانِ اسلام نے ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دی۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں کل بیشتر مقامات پر ژالہ باری کے ساتھ غیر موسمی بارش ہوئی۔ پربھنی ضلع کے گنگا کھیڑ تعلقے کے ایڑے گاؤں اور سون پیٹھ تعلقے میں دو علیحدہ علیحدہ واقعات میں بجلی گرنے سے دو افراد کی موت واقع ہوگئی۔ بجلی گرنے سے ایک بیل اور ایک بکری کی بھی موت واقع ہونے کی خبر ہے۔

جالنہ ضلع میں جالنہ شہر سمیت بدنا پور اور بھوکردن کے بیشتر علاقوں میں کل شام بجلی کی گھن گرج اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی۔ بھوکردن تعلقے کے سِپورا بازار' لِنگے واڑی اور دعوت پور میں بارش ہوئی اور اولے بھی پڑے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے سلوڑ، کنڑ اور سوئے گاؤں تعلقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ ژالہ باری ہوئی۔ جس سے مرچ، جوار، باجرہ اور مکا کی کھڑی فصلوں اور پھلوں کے باغات کو نقصان پہنچا۔ کنڑ اور سوئے گاؤں تعلقوں میں بجلی گرنے سے دو گائیں ہلاک ہوگئیں۔

لاتور ضلع میں کل دو گھنٹے تک گھن گرج کے ساتھ بارش ہوئی۔ بیڑ ضلع میں کل دوپہر کے بعد اولہ باری کے ساتھ غیر موسمی بارش ہوئی۔ تقریباً دو گھنٹے ہوئی اس بارش کے باعث دھارور تعلقے کی لیڈھی ندی میں سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی تھی۔

ہنگولی ضلعے کے کلمنوری میں بھی تیز آندھی اور ژالہ باری کی خبر ہے۔ دھاراشیو شہر اور اطراف و اکناف کے علاقوں میں کل شام کے وقت غیر موسمی بارش ہوئی۔ جس سے آم، جوار، چنا اور دیگر فصلوں کو نقصان پہنچا۔ دریں اثناء محکمۂ موسمیات نے ریاست میں آج سے تین دِنوں کیلئے بارش کا آرینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اس عرصے کے دوران 50 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلنے کا خدشہ ہے اور مختلف مقامات پر بارش بھی ہوسکتی ہے۔

***** ***** *****

سماجی مصلح مہاتما جیوتی باپھلے کی سالگرہ کے حوالے سے کل انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کے اورنگ پورہ علاقے میں مہاتما پھلے اور ساوتری بائی پھلے کے مجسّموں کو مختلف سیاسی، سماجی اور تعلیمی میدانوں کی اہم شخصیات نے پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ناندیڑ میں سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر نے مہاتما پھلے کی شبیہ پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔

بیڑ ضلع کلکٹر دفتر میں ضلع انتظامیہ کی جانب سے مہاتما جیوتی باپھلے کی تصویر پر پھول چڑھائے گئے۔ جالنہ شہر اور ضلع میں بھی مہاتما جیوتی باپھلے کی جینتی جوش وخروش سے منائی گئی۔ پربھنی شہر میں ضلع پریشد احاطے میں واقع مہاتما پھلے کے مجسّمے کو گلہائے عقیدت پیش کرنے کیلئے شہریوں کا ہجوم دیکھا گیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے کلمنوری اسمبلی حلقے کے معذور افراد 85 برس سے زائد عمر کے ضعیف افراد اور ضروری خدمات میں مصروفِ کار 264 افراد کی رائے دہی کیلئے خصوصی انتظامات کیے جائیں گے۔ 14 اور 15 اپریل کو ایک اسکواڈ متعلقہ رائے دہندگان کے گھروں پر جا کر ان سے ووٹنگ کروائے گا۔ یہ اطلاع سب ڈویژنل افسر کرانتی لونڈے نے دی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل دو نوجوان ایک کنویں میں ڈوب کر ہلاک ہوگئے۔ ساتارا پریسر میں کل شام یہ حادثہ ہوا۔ تیرنے کیلئے کنویں میں اُترے چار نوجوانوں میں سے ایک نوجوان ڈوبنے لگا، اُسے بچانے کی کوشش میں دوسرا نوجوان بھی ہلاک ہوگیا۔

***** ***** *****

## ::::: سرخیاں :::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کا نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائیگا؛ عثمان آباد اور لاتور سمیت ریاست کے گیارہ حلقے شامل۔
- ☆ پہلے اور دوسرے مرحلے کے انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم تیز۔
- ☆ مراٹھواڑہ کے بیشتر مقامات پر ژالہ باری کے ساتھ غیر موسمی بارش؛ پربھنی میں بجلی گرنے سے دو افراد ہلاک۔
- اور۔۔۔ ☆ عید الفطر کل ملک بھر میں مذہبی عقیدت اور احترام کے ساتھ منائی گئی۔

***** ***** *****